| **UG-061** | **BUR-11** |
|---|---|

B.A. DEGREE EXAMINATION – DECEMBER, 2019.

First Year

Urdu

PROSE

Time : 3 hours Maximum marks : 75

نوٹ : صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔

(5 × 15 = 75)

۱۔ ذیل کے اقتباسات میں سے صرف تین کی بحوالۂ متن و مضامین تشریح کیجیے :

(الف) ''وہ بجز کوڑے پر کی گھاس چرنے کے اور کچھ نہیں جانتا کہ باغ کیوں

بنا ہے اور پھول کیوں کھلا ہے، نرگس
کیا دیکھتی ہے اور انگور کی تاک کیا
تاکتی ہے۔''

(ب) سیدھا طریقہ یہ ہے کہ آدمی کو اس کی
جوانی میں اس طرح سے تعلیم ہونی
چاہئے کہ لوگوں کے تجربوں سے جو
نتیجے تحقیق ہو چکے ہیں ان کے فوائد
سے مستفید ہو اور پھر جب اسکی عقل
پختگی پر پہنچے تو خود ان کی بھلائی اور
برائی کو جانچے''۔

(ج) تعلیم اور تربیت کو ہم معنی سمجھنا بڑی غلطی ہے بلکہ وہ جُدا جُدا دو چیزیں ہیں۔ جو کچھ انسان میں ہے اسکو باہر نکالنا انسان کو تعلیم دینا ہے اور اسکو کسی کام کے لائق کرنا اس کی تربیت کرنا ہے۔

(د) ''خدا کی نسبت عمدہ خیالات پیدا کرنا اور اپنے ہم جنسوں میں اچھا برتاؤ کرنا جس سے آپس میں محبت زیادہ ہو اور

خود انسان اپنی سچی حالت کو کیا ملحوظ
اپنے نیچر کی خوبی کے اور کیا بلحاظ اس
کی بدی کے بخوبی سمجھے۔''

(ھ) ''دنیا میں ایسے لوگ بھی بہت ہیں
جن کا ظاہر کچھ اور باطن کچھ ہوتا ہے۔''

(و) ''دل کی جس قدر بیماریاں ہیں ان میں
سب سے زیادہ خوشامد کا اچھا لگنا ہے۔
جس وقت انسان کے بدن میں ایسا

مادّہ پیدا ہوجاتا ہے جو وبائی ہوا
کے اثر کو جلد قبول کر لیتا ہے تو اسی
وقت انسان مرض مہلک میں گرفتار
ہوجاتا ہے۔''

۲۔ ''رسم ورواج کی پابندی'' سے پیدا ہونے والے
نقصانات کی نشاندہی کیجئے۔

۳۔ سرسید نے ''ریا'' کی مذمت کس طرح بیان کی ہے
اور اس سے بچنے کی کونسی تدابیر سرسید نے عوام
کو بتلایا ہے واضح کیجئے۔

۴۔ سرسید کے اہم کارناموں میں ''سائنٹفک سوسائیٹی''
کا قیام ہے؟ اس سوسائیٹی کے بارے میں اپنی
جانکاریوں کا احاطہ کیجئے۔

۵۔ سرسید کے اسلوبِ نگارشات پر ایک واضح
مضمون لکھئے۔

٦۔ سرسید کے مضمون ''خوشامد'' کے حوالے سے
یہ بتائیے کہ انسان میں کون کونسی برائیوں کے
پیدا ہونے کا امکان لاحق ہوسکتا ہے؟

۷۔ بحث وتکرار میں تہذیب وشائستگی، محبت اور دوستی کا کس قدر لحاظ رکھنا چاہئے؟

۸۔ ''امید کی خوشی'' مضمون کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

---

| | |
|---|---|
| **UG-062** | **BUR-12** |

B.A. DEGREE EXAMINATION – DECEMBER, 2019.

First Year

Urdu

GAZALIYATH AND RUBAIYATH

Time : 3 hours Maximum marks : 75

۱۔ ذیل کے اشعار میں سے کسی چار کی بحوالۂ شاعر تشریح کیجئے : (4 × 5 = 20)

(الف)

یاں کے سپید و سیاہ میں ہم کو دخل جو ہے سو اتنا ہے
رات کو رو رو صبح کیا، یا دن کو جوں توں شام کیا

(ب)

شوق ہر رنگ رقیبِ سر و ساماں نکلا
قیس تصویر کے پردے میں بھی عریاں نکلا

(ج)

دل نے اک نالہ کیا آج اس طرح دیوانہ وار
بال بکھرائے کوئی مستانہ وار آ ہی گیا

(د)

آفاق کی منزل سے گیا کون سلامت
اسباب لٹا راہ میں یاں ہر سفری کا

(ھ)

عاشقی صبر طلب اور تمنّا بے تاب
دل کا کیا رنگ کروں خونِ جگر ہونے تک

(و)

کبھی شاخ و سبزہ و برگ پر، کبھی غنچہ و گل و خار پر
میں چمن چاہے جہاں رہوں، مرا حق ہے فصلِ بہار پر

(ز)

نازکی اس کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

(ح)

چھیڑا تھا جسے پہلے پہل تیری نظر نے

اب تک ہے وہ ایک نغمۂ بے ساز صدا یاد

۲۔ ذیل کی رباعیات میں کسی دو (۲) کی بحوالۂ متن تشریح کیجیے : (2 × 5 = 10)

(الف) جس بات میں تم شکستِ ملت سمجھو

اس میں شرکت کو اپنی ذلت سمجھو

جو بندۂ نفس ہو مخالف اس کا

قومی غیرت کی اس میں قلت سمجھو

(ب) دنیا بھی عجب سرائے فانی دیکھی

ہر چیز یہاں کی آنی جانی دیکھی

جو آکے نہ جائے وہ بوڑھاپا دیکھا

جو جاکے نہ آئے وہ جوانی دیکھی

(ج) کیا تم سے کہیں جہاں کو کیسا پایا

غفلت ہی میں آدمی کو ڈوبا پایا

آنکھیں تو بے شمار دیکھیں لیکن

کم تھیں بہ خدا جن کو بینا پایا

(د) انسان ازل سے ہے جہول اور ظلوم
لے دے کے ہے بس ایک شعورِ موہوم
طفل ناداں ہے آئینے کے آگے
کس کا یہ عکس ہے اسے کیا معلوم

۳۔ صرف دو سوالوں کے جواب مطلوب ہیں :
(2 × 15 = 30)

(الف) غالبؔ کے حالاتِ زندگی کا محاسبہ کیجئے۔

(ب) میرؔ کی غزل گوئی کی اہم خصوصیات پر ایک مفصّل مضمون قلمبند کیجئے۔

(ج) اردو غزل گوئی میں جگؔر مرادآبادی کا مقام ومرتبہ متعین کیجیے۔

(د) اردو شاعری کی اصنافِ سخن ''رباعی'' کی اہمیت واضح کیجیے۔ کسی ایک نمائندہ رباعی گوشاعر کےفن کا جائزہ لیجیے۔

۴۔ کسی ایک سوال کا جواب تحریر کیجیے :

(1 × 15 = 15)

(الف) غزل کی ابتداء اور ارتقاء پر ایک تفصیلی مضمون لکھیے۔

(ب) غزل کے فنی اصطلاحات کی وضاحت کیجیے۔

---

| UG-063 | BUR-13 |
|---|---|

B.A. DEGREE EXAMINATION – JUNE, 2019.

First Year

Urdu

HISTORY OF TAMIL LITERATURE AND

TEXT FOR TRANSLATION

Time : 3 hours Maximum marks : 75

صرف پانچ سوال کے جواب مطلوب ہیں۔

ہرسوال کے نشانات مساوی ہیں۔

(5 × 15 = 75)

۱۔ ٹمل ادب کا تعارف کراتے ہوئے اس کے

مختلف اسناد سے واقفیت کروایئے۔

۲۔ ٹمل زبان کی امتیازی خوبیوں کی بابت آپ کی جانکاریوں کا احاطہ کیجئے۔

۳۔ سنگم دور کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا گیا ہے؟ ان کے نام اور اُن کے حکمرانوں کے نام تحریر کیجئے۔

۴۔ سنگم دور کی معروف تصانیف کُل کتنے مجموعوں میں منقسم ہیں ان مجموعوں میں (الف) نٹرینٹی (ب) کرنتوگئی اور (ج) اَگانانور پر نوٹ لکھئے۔

۵۔ ٹمل ادب کے اصلاحی تصانیف میں تروکرل کا مقام متعین کیجئے۔

۶۔ ٹمل ادب کے مشہور قصائد کتنے ہیں؟ ان کے نام لکھتے ہوئے یہ بتائیے کہ دہرے دیوان کون کون سے ہیں؟۔ان پر تفصیلی نوٹ لکھئے۔

۷۔ ٹمل ادب میں مسلمان ادیبوں، نقادوں اور صحافیوں کی ادبی سرگرمیوں کے احوال لکھئے۔

۸۔ ٹمل زبان کے جدید دور میں سبرمنیہ بھارتی اور وانی داسن کی ادبی خدمات کا تفصیلی جائزہ لیجئے۔

۹۔ ٹمل زبان کی نثر نگاری میں ناول کا تصوّر کس سن سے شروع ہوتا ہے؟ چند ناولوں کا تذکرہ کیجئے۔

۱۰۔ ذیل کے کسی دو پر تفصیلی مضمون تحریر کیجئے :

(الف) کوی کو عبدالرّحمٰن

(ب) بھگتی دور کا ٹمل ادب

(ج) منی میگلئی

(د) ہائی کو

---